# صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز بدھ مورخہ 23 اپریل 2014ء بمطابق 22 جمادی الثانی 1435 ہجری بعد از دوپہر تین بجکر بیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب ڈپٹی سپیکر، امتیاز شاہد مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اسکا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ۔

وَلْتَكُن مِّنكُمْ أُمَّةٌ يَدْعُونَ إِلَى الْخَيْرِ وَيَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنكَرِ ۚ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَO وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ تَفَرَّقُوا وَاخْتَلَفُوا مِن بَعْدِ مَا جَاءَهُمُ الْبَيِّنَاتُ ۚ وَأُولَٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌO يَوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوهٌ وَتَسْوَدُّ وُجُوهٌ ۚ فَأَمَّا الَّذِينَ اسْوَدَّتْ وُجُوهُهُمْ أَكَفَرْتُم بَعْدَ إِيمَانِكُمْ فَذُوقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنتُمْ تَكْفُرُونَO وَأَمَّا الَّذِينَ ابْيَضَّتْ وُجُوهُهُمْ فَفِي رَحْمَةِ اللَّهِ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَO تِلْكَ آيَاتُ اللَّهِ نَتْلُوهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۗ وَمَا اللَّهُ يُرِيدُ ظُلْمًا لِّلْعَالَمِينَ۔

(ترجمہ): اور تم میں ایک جماعت ایسی ہونی چاہیئے جو لوگوں کو نیکی کی طرف بلائے اور اچھے کام کرنے کا حکم دے اور برے کاموں سے منع کرے یہی لوگ ہیں جو نجات پانے والے ہیں۔ اور ان لوگوں کی طرح نہ ہونا جو متفرق ہو گئے اور احکام بین آنے کے بعد ایکدوسرے سے (خلاف و) اختلاف کرنے لگے یہ وہ لوگ ہیں جن کو قیامت کے دن بڑا عذاب ہوگا۔ جس دن بہت سے منہ سفید ہوں گے اور بہت سے منہ سیاہ تو جن لوگوں کے منہ سیاہ ہوں گے (ان سے خدا فرمائے گا) کیا تم ایمان لا کر کافر ہو گئے تھے؟ سو (اب) اس کفر کے بدلے عذاب (کے مزے) چکھو۔ اور جن لوگوں کے منہ سفید ہوں گے وہ خدا کی رحمت (کے باغوں) میں

ہوں گے اور ان میں ہمیشہ رہیں گے۔ یہ خدا کی آیتیں ہیں جو ہم تم کو صحت کے ساتھ پڑھ کر سناتے ہیں اور خدا اہلِ عالم پر ظلم نہیں کرنا چاہتا۔ وآخِرُ الدَّعْوَانا أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِینَ۔

## حلف وفاداری رکنیت

Mr. Deputy Speaker: Now I welcome the honourable new elected Member Provincial Assembly, Janab Sardar Hussain Sahib (Applauses) and request him to stand in front of his seat to take oath.

(اس مرحلہ پر نو منتخب رکن نے حلف اٹھایا)

(حلف نامہ ضمیمہ پر ملاحظہ ہو)

جناب ڈپٹی سپیکر: مبارک ہو۔

(تالیاں)

جناب سردار حسین: تھینک یو۔

Mr. Deputy Speaker: Now I request the honourable Member to sign in the Roll of Members, placed on the table of Secretary, Provincial Assembly.

(اس مرحلہ پر نو منتخب رکن نے رجسٹر میں دستخط ثبت کئے)

(تالیاں)

جناب فضل شکور خان: جناب سپیکر! د چارسدې دھماکې شھیدانو د پاره دعا اوکړئ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میں ٹائم دے دیتا ہوں، میں ٹائم دیتا ہوں، ٹھیک ہے؟ سب سے پہلے میں سرگودھا سے آئے ہوئے پریس کلب کے اراکین کو اپنی جانب سے اور اراکین صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا کی جانب یہاں آمد پر خوش آمدید کہتا ہوں۔ (تالیاں) یہ جناب سراج الحق صاحب نے چھٹی کی درخواست دی ہے اور یہ بھی گزارش کی ہے کہ اس کے محکمے کے سوالات کسی دوسرے دن لیے جائیں، لہذا ان سوالات کو ڈیفر کیا جاتا ہے۔

جناب فضل شکور خان: ھغه دعا اوکړئ جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے، ٹھیک ہے۔ مفتی جانان صاحب سے گزارش ہے کہ وہ شہداء کے حق میں دعا کریں۔

(اس مرحلہ پر مرحومین کیلئے دعائے مغفرت کی گئی)

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، میڈم نگہت اورکزئی صاحبہ۔

محترمہ نگہت اورکزئی: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ آپ کے توسط سے صرف چھوٹی سی بات کرنا چاہوں گی کہ۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب سردار حسین: جناب سپیکر۔

محترمہ نگہت اورکزئی: اچھا ٹھیک ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، جناب سردار صاحب، سردار حسین صاحب۔ آج میرے لئے کنفویژن ہے۔

جناب سردار حسین: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ میں اس فلور اور اسمبلی کے توسط سے پاکستان کے الیکشن کمیشن ٹریبونل اور پاکستان کی عدلیہ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آخرکار چھ سات مہینے کی جدوجہد کے بعد مجھے انصاف ملا ہے (تالیاں) اور اس فلور کے توسط سے میں اپنے علاقے کے عوام، چترال کے عوام خصوصاً سب ڈویژن مستوج اور پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنوں، جمیعت علماء اسلام کی مقامی قیادت، جماعت اسلامی اور پاکستان تحریک انصاف کے کارکنوں اور ساتھ مسلم لیگ (ن) کے کارکنوں، شیر پاؤ خان کے کارکنوں کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کیونکہ 'ون ٹو ون' مقابلے میں بہت سارے کارکنوں نے میرا ساتھ دیا۔ (تالیاں) جناب سپیکر! میں اس فلور میں دو چار باتیں کرنا چاہتا ہوں، وہ یہ ہیں کہ ہم محاذ آرائی کی سیاست کے قائل نہیں ہیں، مجھے معلوم ہے کہ پانچ سال کے بعد جب ہم دوبارہ سب اپنے اپنے حلقوں میں جائیں گے تو ہم سے یہ نہیں پوچھا جائے گا کہ کس کا گریبان کتنا کھینچا ہے آپ نے، کس پارٹی کیلئے کتنا شور مچایا، ہم سے یہ پوچھا جائے گا کہ غریب عوام کیلئے کیا کیا، کیا کیا اصلاحاتیں لائیں، کیا کام آپ سے ہوئے اور غریبوں کی دکھ میں کتنی کمی آگئی، آپ کی ممبری کی وجہ سے، آپ ایک رکن تھے؟ ہم سے یہ ہرگز نہیں پوچھا جائے گا کہ فلور آف دی ہاؤس میں چیخیں کتنی ماری ہیں، لہذا میں یہ بتا دینا چاہتا ہوں کہ آج کی یہ اسمبلی اس کے اندر متوسط طبقے کے زیادہ تر غریب نوجوان آگئے ہیں اور یہ آخری امید ہے خیبر پختونخوا کے عوام کی اور خدانخواستہ

ہاؤس کی غلطی یا قائدایوان کی غلطی سے یاہم حزب اختلاب کی غلطیوں سے اگر یہ اس دفعہ ہم مایوس ہو گئے، خیبر پختونخوا کے عوام مایوس ہو گئے تو پھر کوئی اور راستہ ان کے پاس نہیں ہے کہ کہیں وہ باہر نہ نکل آئیں اپنے حقوق کیلئے۔ میرے محترم! میں یہ بھی کہنا چاہتا ہوں کہ آپ نے ہیلتھ اور ایجوکیشن کے اندر، کیونکہ میں باہر سے آیا ہوں، میں روڈ سے آیا ہوں، میں ایک غریب کارکن ہوں، میں بسوں میں سفر کرتا ہوں، میں بس اڈوں میں بیٹھتا ہوں، کچھ ایجوکیشن اور ہیلتھ میں آپ لوگوں کی کچھ پالیسیاں کچھ عوام تک ریلیف کی صورت میں آچکی ہیں جس کیلئے میں مبارکباد دیتا ہوں۔ (تالیاں) لیکن میں یہ بھی کہنا چاہتا ہوں کہ یہاں ٹرانسپرنسی کی بات ہو رہی ہے، جہاں تک ٹرانسپرنسی کی بات ہے، سمجھ میں یہ بات نہیں آتی کہ آپ ٹرک کے پرزے سے ہوائی جہاز نہیں چلا سکتے، ٹرک کے پرزے سے ہوائی جہاز نہیں چلا سکتے، یہ بیوروکریسی جو کہ ساٹھ، پینسٹھ سالوں سے اس ملک پر بیٹھی ہوئی ہے، آپ اگر تبدیلی چاہتے ہیں تو نکال دیں پینتالیس سال والوں کو، آج کل کا وہ لڑکا جو لیپ ٹاپ لے کر جدید تعلیم یافتہ ہے، بٹھا دیں سیکرٹریٹ میں، بٹھا دیں، ڈائریکٹر بنا دیں، پھر ٹرانسپرنسی آپ لا سکتے ہیں۔ وہ بندہ جو چالیس سال، پینتیس سال سے اگر کرپشن کر رہا ہے، کرپشن کی بات آگئی، آپ کہتے ہیں کرپشن، جنہوں نے کرپشن کی پھرانہی کے ذریعے سے ٹرانسپرنسی میرے خیال میں نہیں آسکتی۔ دوسری بات میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ہم نے این ٹی ایس سسٹم کی بات، میں نے دیکھا باہر، یہ لوگوں کے پاس ہیں یہ باتیں، این ٹی ایس، میرے چترال سے ساڑھے سات سو بچیاں آ گئیں پشاور، پشاور آئیں، واپس لواری میں جا کر چار دن تک بیٹھی رہیں، آج تک ان میں سے کسی کو ایک پوسٹ نہیں ملی، وہ این ٹی ایس کہاں غائب ہوا؟ اور جب ہم دوسری لائن ڈیویلپمنٹ کی بات کرتے ہیں تو کنسلٹنسی کی بات ہے This consultancy is another liability، یہ ایک اور ہے Liability، (تالیاں) یہ مکمل ایک اور Liability ہے کیونکہ چوبیس پچیس فیصد وہ پہلے کھاتے تھے، دس یہ اوپر آگئے 35%، تو Kindly revisit it, kindly of your these policies، آپ تو یہاں بیٹھ کر سمجھتے ہیں کہ ساری پالیسیاں ٹھیک ہیں، ایسا نہیں ہے۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> شکریہ، شکریہ۔

جناب سردار حسین: ہم آپ کے ساتھ ہیں، (تالیاں) ہم سو فیصد آپ کے ساتھ ہیں اور Last میں میں یہ بھی کہنا چاہتا ہوں کہ خدانخواستہ، ہم کہتے ہیں یہاں پر آپ جیسے سپیکر بیٹھے ہیں جو بہترین تعلیم یافتہ، اعلیٰ ترین Educationalist ہیں، ہم آپ کو سلام پیش کرتے ہیں، تعلیمی اصلاحات اور دوسری تین چار چیزوں پر۔ دوسری بات میں یہ کہنا چاہونگا کہ آج تک کرپشن کی کوئی بات نہیں ہے، گورنمنٹ کے کسی رکن نے کوئی کرپشن نہیں کی البتہ میں ایک اور بات یہ بتادینا چاہتا ہوں کہ جب آپ پاور کو پارلیمنٹیرین سے چھینیں گے تو ان لوگوں کے ہاتھوں میں جائے گی جو دفتروں میں بیٹھے ہوئے ہیں، ہم بے بس ہو جائیں گے اور پانچ سال کے بعد ہمارے پاس کچھ نہیں رہے گا، فی الحال تو صورتحال مجھے یوں لگ رہی ہے کہ:

ے
اپنے بھی خفا مجھ سے ہیں بیگانے بھی ناخوش میں زہر ہلاہل کو کبھی کہہ نہ سکا قند

کوئی بھی فرد خوش نہیں ہے، تو میں یہ آپ سے گزارش کرنا چاہونگا کہ Kindly مہربانی فرما کر کچھ پالیسیز کو Revisit کریں۔ آخر میں یہ بھی بتادینا چاہتا ہوں محترم سپیکر صاحب! کہ ہمارے پختونوں کی روایت ہے کہ گھر کے اندر (شور) پلیز، Kindly silent ہو جائیں، پختونوں کی روایت یہ ہے کہ گھر میں اگر کوئی آپ کا مخالف آجائے، پہلے کھانا ان کو دیتے ہیں اور یہ ہمارے دین اسلام کی بھی روایت ہے، لہذا ہم حزب اختلاف کے لوگ اگرچہ ضرور ہیں لیکن آپ کے گھر میں آئے ہیں، پختون روایات کو بحال رکھتے ہوئے اپنے ممبروں اور ہمارے درمیان کوئی فرق نہیں کرینگے۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بہت شکریہ، بہت شکریہ جناب، تھینک یو ویری مچ۔

جناب سردار حسین: تھینک یو ویری مچ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم! کولیگز آور میرے خیال میں۔۔۔۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر صاحب، صرف ایک ہی سیکنڈ کی بات ہے جو کہ۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی محترمہ نگہت اورکزئی صاحبہ، پلیز کوشش کریں کیونکہ کولیگز آور۔

محترمہ نگہت اورکزئی: تھینک یو، میں ان کے نالج میں صرف لانا چاہتی ہوں جناب سپیکر! سب سے پہلے تو نو منتخب رکن اسمبلی کو مبارکباد اور یہ پاکستان پیپلز پارٹی کی کامیاب جمہوریت اور تمام جو جمہوریت کے ستون ہیں، ان پہ ایک اعتماد اور اعتبار دوبارہ لوگوں نے کرکے پاکستان پیپلز پارٹی کے ایک رکن کو منتخب کرکے اس

ہاؤس میں بھجوایا، میں تمام ان لوگوں کو جو جمہوریت پہ یقین رکھتے ہیں اور تمام ان لوگوں کو جنہوں نے کہ کام کیاان کے ساتھ، تو میں ان لوگوں کو بھی خراج تحسین پیش کرتی ہوں۔ جناب سپیکر! آپ کی وساطت صرف مشتاق غنی صاحب سے یہ بات کرنا چاہتی ہوں کہ اس دن یہاں پہ بات ہوئی تھی بے نظیر بھٹو یونیورسٹی کی، جس میں کہ یہ بتایا گیا تھا، ہم لوگوں نے بھی وہ باقاعدہ پروف کے ساتھ بتایا تھا کہ یہاں پہ فائن جو ہے، وہ مائیگریشن کی جو لیٹ فیس ہوتی ہے، مائیگریشن ہوتی ہے لیکن جناب سپیکر صاحب! ابھی ہزاروں روپے جو ہیں وہ اس کے Attached جو گرلز کالجز ہیں، ان سے بھی ہزاروں روپے طلباء سے بھی وہ لے رہے ہیں تو جناب سپیکر! اگر مشتاق غنی صاحب اس پہ ایک انکوائری اگر مقرر کردیں تو یہ ان کی مہربانی ہوگی یا اس کو جیسے کمیٹی میں اگر Thrash out کرنا چاہتے ہیں، جیسے بھی لیکن اس وقت جناب سپیکر! طلبا اور طالبات کو بہت زیادہ یعنی وہ Mentally بھی ہو رہے ہیں، یعنی اس طریقے سے مالی ان کو نقصانات بھی ہو رہے ہیں کہ جس میں ہزاروں روپے ان سے لیے جارہے ہیں تو آپ کے توسط سے یہ انکے گوش گزار کرنا چاہتی ہوں۔ تھینک یو جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی مسٹر مشتاق غنی، پلیز۔

جناب مشتاق احمد غنی (مشیر برائے اعلیٰ تعلیم): تھینک یو جناب سپیکر۔ نگہت اورکزئی صاحبہ نے جس بات کی طرف نشاندہی کی ہے، چونکہ یہ ہمارے نوٹس میں نہیں ہے، اگر ایسی بات ہے تو انتہائی غلط ہے، میں انہیں یقین دلاتا ہوں کہ میں جو ان کے ساتھ اگر کوئی پروف ہے تو وہ مجھ سے شیئر کرلیں۔ میں بڑی احتیاط سے گفتگو کررہا ہوں نگہت سے، ساتھ یہ بڑا مسئلہ ہو جاتا ہے بعد میں، تو بہر کیف میں اسکی ان کو یہ یقین دہانی کراتا ہوں کہ ان شاءاللہ میں اس کی بھرپور انکوائری کرونگا اور آپ کو بھی اس میں، وہ انکوائری والے آپ کے ساتھ بھی مشورہ کریں گے تاکہ آپ بھی ان کو گائید کرسکیں تاکہ جس جس کالج سے اگر بے نظیر بھٹو یونیورسٹی نے کوئی فائن، ایسا Illegal fine، اگر کوئی چیز قانون اور قاعدے کے دائرے کے اندر ہے تو وہ ایک الگ بات ہے لیکن اگر غیر ضروری کوئی فائن ہوا تو ان شاءاللہ اس کی بھرپور انکوائری کرکے اور ہم اس کا ازالہ کریں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو جی۔

## نشانزدہ سوالات اور انکے جوابات

Mr. Deputy Speaker: 'Question`s Hour': Question No. 1427, Mr. Zarin Gul Sahib. Not present. Question No. 1428, Mr. Zarin Gul Sahib. Not present. Question No. 1429, Mr. Zarin Gul Sahib. Not present.

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: جناب سپیکر صاحب۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی میڈم، کوسچن نمبر 1429۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: جناب سپیکر! میں 1378 کی میں بات کرتی ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم! آپ 1429 پہ بات کریں گی، میڈم! باقی تو Lapsed ہو چکے ہیں Already۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: نہیں، میں 1378 کی بات کر رہی ہوں سر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: 1378 وہ بھی زرین گل صاحب کا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: وہ ابھی تو نہیں آیا ہے۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: اوکے، ابھی نہیں آیا ہے، اس کے بعد آئے گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے، بعد میں لے لیتے ہیں نا۔ کوسچن نمبر 1428۔

جناب جعفر شاہ: جناب سپیکر صاحب، میرا سپلیمنٹری سوال ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دا جعفر شاہ صاحب! سوری Lapse شو دا۔

جناب جعفر شاہ: تھینک یو جناب سپیکر۔ ایسا ہے کہ یہ سننے میں آیا ہے کہ موجودہ حکومت کا CCBs کی پوری Concept سے اختلاف رہا ہے، پتہ نہیں کس چیز پہ ہے اور وہ ان رجسٹرڈ باڈیز کو ختم کرنے کی کوشش میں ہے تو یہ تو میرے خیال میں بڑا نقصان ہو گا کیونکہ ہم تو چاہتے ہیں کہ Community participation ہو، کمیونٹیز کے لوگ تمام ڈویلپمنٹل ورک میں ان کا Say ہو اور Decision making process میں ان کو ہم شامل کریں، تو Participatory approach کو ہم Encourage کریں نہ کہ Discourage کریں، تو کیا منسٹر صاحبہ ارشاد فرمائیں گی کہ کیا کوئی اس طرح کا ارادہ ہے انکا کہ CCBs کو وہ ختم کروانا چاہتی ہیں؟

جناب ڈپٹی سپیکر: اصل میں کوئسچن، جعفر شاہ صاحب! کوئسچن Put کریں جی، پھر۔

جناب جعفر شاہ: ضمنی سوال وو زما جی، میډم وائی چې حکومت غواړی نو دا سی سی بی-----

جناب ڈپٹی سپیکر: یہی کہہ رہا ہوں کہ کوئسچن میں اصل میں Lapse کر چکا ہوں، زرین گل صاحب Absent ہیں، آپ کیا چاہتے ہیں جی؟

جناب جعفر شاہ: نه نه، دا د پوره صوبې هغه خبره کړې ده جی، ضمنی سوال دے زما، ضمنی سوال زما دا دے چې حکومت سی سی بی ختمول غواړی، Simple سوال دے، منسټر صاحبه د جواب را کړی چې واقعی-----

جناب مشتاق احمد غنی (مشیر برائے اعلیٰ تعلیم): جناب سپیکر صاحب! یہ 1428 Lapse ہو چکا ہے۔

جناب جعفر شاہ: یہ 1428 Lapse نہیں ہے مشتاق صاحب، نہیں Every Member has the right to have a supplementary question, it's the property of the House. مشتاق صاحب! یہ ہاؤس کی پراپرٹی جناب سپیکر! بنتی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: یہ سپلیمنٹری میں میں-----

Mr. Jaffar Shah: I would like to have, I would like to have the answer to this question janab Speaker.

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں ہو سکتا ہے، مشتاق صاحب-----

جناب جعفر شاہ: یہ بہت بڑا ایشو ہے جناب سپیکر، I would like to have the answer۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے، Question be taken as read، آپ لے لیں۔

جناب جعفر شاہ: ہاں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

* 1428 _ جناب زرین گل (سوال جناب جعفر شاہ نے پیش کیا): کیا وزیر سماجی بہبود و ترقی خواتین ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) سال 2011-12 اور 2012-13 میں ضلع تورغر میں محکمہ سوشل ویلفیئر کے قیام کے بعد مختلف ناموں سے CCBs رجسٹرڈ ہوئی ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ زیادہ ترCCBs سال2013 کے آخری چھ ماہ میں رجسٹرڈ کی گئی ہیں؛

(ج) اگر(الف)و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(الف) سال12-2011اور13-2012 میں رجسٹرڈ کی گئیں تمامCCBs کے نام رجسٹرڈ کی نقول، عہدیداروں اور ممبران کے مکمل کوائف فراہم کئے جائیں؛

(ب) آیا مذکورہ CCB نے رجسٹریشن کیلئے تمام مطلوبہ معیار پورا کیا ہے، اگر نہیں تو وجوہات بتائی جائیں؟

محترمہ مہر تاج روغانی (معاون خصوصی برائے سماجی بہبود): (الف) جی ہاں، مالی سال12-2011اور 13-2012میں ضلع تور غر میں مختلف ناموں سے14 CCBs رجسٹرڈ ہوئی ہیں۔

(ب) جی نہیں، کیونکہ سال13-2012 کی آخری ششماہی میں کوئیCCB رجسٹرڈ نہیں کی گئی۔

(ج) ابھی تک ضلع تور غر میں کل CCBs 14 کی رجسٹریشن کی گئی ہے جس کی مکمل تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی ہے۔

(ب) جی ہاں، ان تمامCCBs نے رجسٹریشن کیلئے مطلوبہ معیار پورا کیا ہے۔

جناب جعفر شاہ: یہی ہے کہ منسٹر صاحبہ د دا ما ته اووائی چې د حکومت دا اراده شته چې دوئ سی سی بی ختمول غواړی ؟

جناب ڈپٹی سپیکر: یہ کوئسچن نمبر کونسا ہے جی؟

جناب جعفر شاہ: یہ1428 ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: یہ کوئسچن نمبر1428 ہے، جی میڈم۔

معاون خصوصی برائے سماجی بہبود: تهینک یو مسټر سپیکر۔ مخکښې خو زه لږ خان پوهه کول غواړم Because زه اسمبلۍ کښې نوې یم۔ Whether legally it is allowed چې د چا کوئسچن وی، هغه بنده نه وی بل ئے کولے شی که نه، Legal side کولے شی؟

جناب ڈپٹی سپیکر: With the permission of the Chair ہو سکتا ہے جی۔

Special Assistant for Social Welfare: Okay, okay.
Mr. Deputy Speaker: Rule 45 ji, rule 45.

معاون خصوصی برائے سماجی بہبود: زہ ځان پوهه کول غواړم۔

Mr. Deputy Speaker: Rules 45 is very clear, with the permission of the Chair.

Special Assistant for Social Welfare: Yes, anybody can ask the question.

Mr. Deputy Speaker: Yes, yes.

معاون خصوصی برائے سماجی بہبود: اوکے، اچھا۔ خو پورې چې د دې کوئسچن تعلق دے، What he saying is چې آیا دا گورنمنټ به دا CCBs بندوی او که نه؟ So far There is big 'But', the 'But' is, خو نشته اراده فی الحال زمونږ د بندولو when the Local Government comes، لوکل گورنمنټ چې راشی، د هغوی الیکشن اوشی، ما د ډیپارټمنټ سره ډسکس کړے دے خو زما خپل مائنډ دا وائی چې Once the local bodies راشی نو بیا به د دې Duplication کیږی، نو بیا به په دې ډسکشن اوکړو، فی الحال زمونږ څه اراده نشته۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ جی۔ یہ کوئسچن نمبر1377، زرین گل صاحب۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے، ٹھیک ہے جی، کوئسچن نمبر1377۔

* 1377 _ جناب زرین گل (سوال محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی نے پیش کیا): کیاوزیر آبپاشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 1991 میں صوبوں کے درمیان پانی معاہدہ(Water Accord)ہوا تھا؛

(ب) اگر(الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ معاہدہ کے تحت خیبر پختونخوا کو کتنے مکعب کیوسک فیٹ پانی کا کوٹہ ملا اور اس سے تاحال کتنا استفادہ حاصل کیا جاچکا ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب پرویز خٹک (وزیراعلیٰ) {جواب جناب عارف یوسف (پارلیمانی سیکرٹری) نے پڑھا}: (الف) جی ہاں۔

(ب) مارچ 1991 کے معاہدہ آب بین الصوبائی کے تحت صوبہ خیبر پختونخوا کو کل 8.78 ملین ایکٹر فٹ حصہ تفویض کیا گیا تھا۔اس کے علاوہ سیلابی پانی اور آئندہ نئے ڈیموں میں خیبر پختونخوا کا حصہ 14 فیصد رکھا گیا ہے تاہم صوبہ خیبر پختونخوا 5.78 ملین ایکٹر فٹ یعنی 66 فیصد استعمال کر کے اس سے استفادہ حاصل کرتا ہے جبکہ 3. ملین ایکٹر فیٹ یعنی 34 فیصد نہری نظام کی عدم دستیابی کی وجہ سے اب تک استعمال میں نہیں لایا جا چکا ہے جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

(ملین ایکٹر فٹ)

| نمبر شمار | کیفیت/نام کینال | تفویض شدہ حصہ | موجودہ استعمال | تفریق |
|---|---|---|---|---|
| 1۔ | گورنمنٹ کینال | 5.78 | 4.11 | 1.67 |
| 2۔ | سول کنیال | 3.00 | 1.67 | 1.33۔ |
| | میزان | 8.78 | 5.78 | 3.00 |

(2) مندرجہ بالا متعین مقدار کے علاوہ سیلابی پانی اور آئندہ بننے والے ڈیموں میں بھی فیصد حصہ مقرر کر دیا گیا جو کہ حسب ذیل ہے:

| نمبر شمار | صوبہ پنجاب | صوبہ سندھ | صوبہ بلوچستان | صوبہ خیبر پختونخوا |
|---|---|---|---|---|
| | 37 | 37 | 12 | 14 |

<u>محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی</u>: جناب سپیکر! یہ پچھلے کوسچن، سپلیمنٹری یہ پوچھ رہے ہیں۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جی میڈم۔

<u>محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی</u>: اچھا سر! بہت شکریہ۔ یہ بڑا Interesting Question ہے، Water Accord کے حوالے سے ہے اور جو صوبائی محکمہ ہے، اس نے جواب بھی دیا ہے اپنی طرف سے، لیکن ساتھ ہی یہ چیز کلیئر نہیں ہوئی کہ جو 34 فیصد نہری نظام کی ابھی عدم دستیابی کی وجہ سے جو پانی استعمال نہیں کر پا رہا، اس کے حوالے سے صوبے نے کیا کوئی Claim کیا ہے محکمے سے یا ان سے کہ Are we getting some benefits, some water charges on it? اور دوسرا یہ کب تک، کتنا

استفادہ کیا ہے تاحال، اس کی تفصیل فراہم کی جائے، میرا یہ سپلیمنٹری کوئسچن ہے کہ اس 34% پانی کو استعمال میں لانے کیلئے صوبے کی کوئی پلاننگ ہے؟ Are we planning to have irrigation system built for, to consume this water?

جناب ڈپٹی سپیکر: جی سکندر شیر پاؤ صاحب، پلیز۔

جناب سکندر حیات خان: ډیره مهربانی سپیکر۔ زه دیکښې دا تپوس کول غواړم جناب سپیکر! چې دا دې نورو صوبو ته چې کله دا Water Accord شوے وو، د هغې نه پس دا نورو صوبو ته دوئ فیډرل گورنمنټ طرف نه یو یو سکیم ورکړے وو چې مونږ به تاسو ایډجسټ کولو د پاره تاسو ته به مونږ سکیمز درکوؤ او دا سې مختلف صوبو ته سکیمز ورکړی شوی دی، زمونږ صوبې له سکیم نه دے ورکړے شوے، نو آیا حکومت دا اراده لری چې دا کیس سی سی آئی کښې Take up کړی یا بل کوم داسې فورم باندې چې Effective طریقې سره چې د دې دغه شی ځکه زما د اندازې په مطابق څه سل اربو نه زیاتې روپۍ د دې په مد کښې مونږ ته جوړیږی، نو آیا دا کیس مونږ Take up کوؤ لگیا یو، که Take up کوؤ لگیا یو نوکوم فورم باندې Take up کوؤ لگیا یو او په دیکښې کله به پیشرفت کیږی جناب سپیکر؟

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب عبدالستار خان، عبدالستار خان صاحب۔

جناب عبدالستار خان: سر، یہ بڑا Important سوال ہے، Water Accord 1991 کے حوالے سے ہے، غالباً اس سے پہلے بھی ہم نے پانی کے مسئلے میں ایریگیشن کے حوالے سے ادھر کوئی سوالات اٹھائے تھے۔ اس میں ہمارے صوبے کا جو حصہ بنتا ہے، ٹوٹل اس فارمولے کے تحت 66% ہمارا حصہ بنتا ہے، اس میں سے 34 % ہمارا پانی جو ہے وہ ضائع ہو رہا ہے۔ 2008 کے بعد اس اسمبلی میں ہم آئے، یہ ایک بہت اہم پراجیکٹ اسی حوالے سے CRBC چشمہ رائٹ بنک کینال، وہ اے ڈی پی میں Show کرتے ہیں لیکن آج تک اس پہ کام نہیں ہو سکا۔ تیسرا میرا سوال یہ ہے کہ ہمارے صوبے میں اس وقت انڈس ریور دریائے کابل اور دریائے کنہار کا پانی ضائع ہو رہا ہے، پنجاب نے اپنے حصے کا پانی استعمال کیا ہے، انفراسٹرکچر بنایا ہے، ہمارے صوبے نے آج تک، آج تک اپنا انفراسٹرکچر نہیں بنایا، اسی وجہ سے ہمارا یہ 34% پانی جو ہے وہ ضائع ہو رہا ہے اور دریا میں گرتا ہے یا پنجاب استعمال کرتا ہے۔ تو اس لئے چاہونگا کہ گورنمنٹ کی

طرف سے اس کیلئے آپ کے پاس کیا حل ہے، کیا تجاویز ہیں، کیا منصوبہ بندی ہے، کیا CRBC کو بنانے کا پروگرام ہے یا کہ اس کو ڈراپ کیا گیا ہے اے ڈی پی سے؟ یہی میرا اسپلیمنٹری سوال ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ جناب سلطان خان صاحب۔

جناب سلطان محمد خان: سپیکر صاحب، ډیره مهربانی۔ سر، زما سپلیمنټری کوئسچن د دې باره کښې دا دے، او دا ډیر زیات Important کوئسچن هم وو، Water apportionment Accord چې 1991 کښې شوے وو خو سپیکر صاحب! په دې Deficiencies کښې څه دا سې خبرې، دې وخت کښې څه Water Accord 1991 داسې شته په گراؤنډ باندې چې مونږ د هغې Water Accord نه، زمونږ صوبه خیبر پختونخوا چې ده سپیکر صاحب! هغه پوره پوره فائده لګیا ده نه اخلی۔ د هغې اړخ ته خو اشاره اوشوه چې مونږ پوره خپلې اوبه چې کوم مونږ ته ایلوکیټ شوې نو هغه مونږ ته نه ملاویږی ځکه چې زمونږ انفراسټرکچر هغه شان ډیویلپ شوے نه دے سپیکر صاحب۔ بل سپیکر صاحب! دیکښې Flood damages چې په 2010 کښې کوم Flood damages اوشو نو د هغې نه پس داسې Steps اخستل پکار وو چې Flood damages د راروان وخت د پاره Minimize شی۔

بل چې کوم Indus Basin Mathematical Model دے سپیکر صاحب، نو د هغې د اپ ګریډ کولو ضرورت دے او هغه چې کوم دے په دې جواب یا مونږ ته دلته په هاؤس کښې داسې څه خبره مخکښې مخې ته نه ده راغلې چې حکومت څه اقدامات د دې باره کښې اخلی لګیا دے؟ سپیکر صاحب! Telemetry system چې دے نو دا نور هم Accurate کول غواړی او زما لاسټ پوائنټ سپیکر صاحب! دا دے که دا Kindly ټریژری بنچز او ذمه وار منسټر صاحب د ځان سره نوټ کړو، سپیکر صاحب! په هغې کښې غټ پوائنټ دا دے چې مونږ ته Reservoirs پکار دی، زمونږ په صوبه کښې د Water storage د پاره، سپیکر صاحب! مخکښې ورځو کښې د رولنګ پارټۍ چې کوم مشر دے، د نن نه څه موده مخکښې د هغوی یو بیان راغلے د کالاباغ ډیم حوالې سره نو سپیکر صاحب! زما ضمنی سوال دا دے چې آیا صوبائی حکومت دا کوم سیریس او Practical steps چې کوم پکار دی د Water Accord implementation د

پاره، هغې کښې Interested دے او هغه Implement کول غواړی او که نه د کالاباغ ډیم په شان يو Dead issue چې کومه ده، هغې ته نيشنل ليول باندې هوا ورکول غواړی؟ د دې قوم هم ټائم ضائع کول غواړی او د صوبې سره هم زياتے کول غواړی سپيکر صاحب! که د دې جواب ماته ملاؤ شو نو ډيره مهربانی به وی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی سمیع علیزئی صاحب۔

جناب سمیع اللہ: تھینک یو ویری مچ، سر۔ میں ایک تو اپنے بھائی کے بات کو Endorse کرتا ہوں اور ساتھ میں یہ بھی کہنا چاہتا ہوں کہ تقریباً جتنا وہ پانی بقایا ہے اور جو ہمارا ڈسٹرکٹ ڈیرہ اسماعیل خان ہے، یہ اس صوبے کا فوڈ باسکٹ ہے جس میں الحمدللہ سات لاکھ ایکڑ جو ہے وہ آباد ہے چشمہ رائٹ بنک کینال اور پہاڑ پور کینال سے،اور ایک لاکھ 90 ہزار ایکڑ (رقبہ) جو ہے،وہ گومل زام ڈیم سے آباد ہوگا،تو میری سر! استدعا یہ ہے اور میں نے آنریبل چیف منسٹر کو بھی اس بارے میں بات کی ہے اور اپنے اس 'آگسٹ' ہاؤس کو بھی یہ بتانا چاہتا ہوں کہ جو ڈھائی لاکھ ایکڑ کی ایک پٹی ہے کہ جدھر سے گومل زام ڈیم اور ادھر سے چشمہ رائٹ بنک کینال،اس ڈھائی لاکھ ایکڑ کی پٹی کیلئے جو Water rights ہیں،وہ کافی زیادہ اس کے تلف ہوئے ہیں تو میں آنریبل سپیکر! آپ کو بھی یہ کہنا چاہتا ہوں کہ گومل زام ڈیم کا جو منصوبہ ہے، اس میں تھوڑی سی Revision کی جائے اور جو اس کی Distries ہیں جو تین Main distries ہیں اسکی،اگر ہم ان کو چھ یا سات کلومیٹر تک آگے لے آتے ہیں تو الحمدللہ تقریباً ایک لاکھ 12 ہزار ایکڑ جو ہے،اس کو بھی ہم اسی پانی سے سیراب کر سکتے ہیں کیونکہ ظلم کی انتہا تو یہ ہے کہ اگر آپ چشمہ بیراج کے اوپر جائیں تو آپ Right side پہ دیکھتے ہیں تو ایک بالکل چھوٹی سی Minor کی طرح،ساڑھے چار ہزار کیوسک جارہا ہے صوبہ سرحد کی طرف، خیبر پختونخواہ کی طرف اور 22 لاکھ،22 ہزار ایکڑ،22 ہزار کیوسک کی، جو جہلم لنک کینال ہے اس میں 22 ہزار کیوسک جارہا ہے تو یہ بڑا ایک عبرت ناک منظر ہوتا ہے جب ہم چشمہ بیراج کے اوپر ٹھہرتے ہیں۔تو جناب والا! اگر ہم نے خود کفیل ہونا ہے، چاہے خوراک کی مد میں یا ہم نے ایگریکلچر جو ہے یہ سب سے زیادہ Job providing آپ کا سیکٹر ہے-----

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: جناب سپیکر! یہ تو ضمنی-----

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: میری تو سمجھ میں نہیں آرہاہے، بالکل۔۔۔۔۔

جناب سمیع اللہ: بالکل ان کی بات بجاہے لیکن میں نے اپنے علاقے کا بھی حق میڈم! ادا کرنا تھااور اس کو Endorse کر رہاہوں اس لئے ان کی بات کو کہ سر! اس پانی کو Utilize کیا جائے اور اس کا انفراسٹرکچر بنایا جائے اور خاصکر وہ جو ایک دو ڈھائی لاکھ ایکڑ کی پٹی ہے ہمارے علاقے کی تحصیل ڈیرہ اسماعیل خان کی، اس کو بھی اس میں شامل کیا جائے اور 1991 سے لے کے ابھی تک جو ہمارا پانی پنجاب استعمال کر رہاہے، اس سے بھی اس پانی کا ٹیکس یا وہ ان سے وصول کیا جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مسٹر شاہ فرمان پلیز، شاہ فرمان خان۔

جناب شاہ فرمان (وزیر اطلاعات): عارف یوسف دینگے جواب، جی۔

جناب عارف یوسف (پارلیمانی سیکرٹری): جناب سپیکر! میں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: عارف یوسف، پلیز۔

پارلیمانی سیکرٹری: بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ شکریہ جناب سپیکر۔ یہ جو سوال پوچھا گیا تھا، اس میں جو ڈیٹیل ہے، اس میں بالکل یہاں پہ ہے کہ ٹوٹل جو چاروں صوبوں کا 1991 میں جو معاہدہ ہوا تھا، اس میں 14% کے پی کا حصہ بنتاہے جس میں 66%، یہ بات صحیح ہے کہ 66% استعمال ہو رہاہے اور 34% جو پانی ہے، وہ پھر سندھ اور اس میں واپس چلا جاتاہے، وہ استعمال نہیں ہو رہا۔ اصل میں اس میں ڈیٹیل تو اس کے ساتھ ہے لیکن جو زرین گل صاحب نے اس کے ساتھ ایک کوسچن کیا ہے، 1378، بالکل اس کے ساتھ ہے، گومل زام ڈیم کا جو اس میں بتایا گیا ہے۔۔۔۔۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: جناب سپیکر! اس کا اس کے ساتھ کیا تعلق ہے؟

پارلیمانی سیکرٹری: نہیں، اس کے ساتھ اس کا تعلق ہے جی، اس وجہ سے کہ یہ جو ہمارا ایگریکلچر سسٹم ہے یا جو نہریں ہیں، وہ اس طرح نہیں ہیں جس طرح ستار صاحب نے کہا ہے کہ جو دریائے کابل سے، یہ اصل میں چترال سے پانی آرہاہے، کابل جاتاہے، کابل سے پھر ادھر آرہاہے، واقعی یہ بات ان کی بالکل ٹھیک ہے، اس کے اوپر ابھی تک کوئی سنجیدگی سے کسی نے غور نہیں کیا کہ وہ ہمارا پانی، دوسرا افغانستان جا کے پھر آرہاہے اور

ابھی ہمارے علم میں یہ بھی آیا ہے کہ افغانستان میں باقاعدہ اس کے اوپر آگے ڈیم بنانے کی کوشش کی جارہی ہے، تو اس کے اوپر میں خود بھی، بالکل یہ بڑا صحیح کوئسچن ہے اور اس کے اوپر سوچ کی ضرورت ہے اس لئے کہ اگر وہاں پہ افغانستان میں اس کے اوپر ڈیم بن گیا تو یہ ہمارے لئے بڑا پرابلم بن جائے گا۔ ابھی میری اپوزیشن بنچز سے اس میں بات بھی ہوئی تھی تو اس میں یہ تھا کہ یہ چترال سے جو پانی آرہا ہے، اس کو بلکہ دریائے کابل سے دریائے چترال ہونا چاہیئے جی اور اس کا جو پانی ہے، یہ باقاعدہ ڈائریکٹ ٹنل یا جو سسٹم ہے، اس کے مطابق ادھر ہماری طرف آئے، اس لئے کہ اس کے اوپر ایک سوچ کی ضرورت ہے لیکن یہاں پہ جو کوئسچن ہے، کوئسچن کے مطابق میں آتا ہوں، اس میں جو گومل زام ڈیم کی جو میں بات کرتا ہوں، 1378 جو کوئسچن ہے، اس میں۔۔۔۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: جناب سپیکر! یہ اس سے پہلے جو سوال ہے، یہ تو اس میں ضمنی سوال ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: 1378 سے پہلے جو۔

پارلیمانی سیکرٹری: سر، اس میں انہوں نے جو ڈیٹیل مانگی ہے اور ڈیٹیل ان کو دے دی گئی ہے۔ جتنا پانی ہے، وہ 66% استعمال ہو رہا ہے، 34% جو ہے، وہ اس لئے استعمال نہیں ہو رہا کہ ہمارے پاس ایگریکلچر نہریں، صحیح سسٹم نہیں ہے اس وجہ سے وہ استعمال نہیں ہو رہا ہے جی۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: جناب سپیکر! He has not been listening to supplementary questions اور وہ ایسے ہی سر! جواب دے رہے ہیں، سپلیمنٹری کوئسچنز انہوں نے نہیں سنے وہ اسلئے انکا وہ جواب نہیں دے رہے۔

پارلیمانی سیکرٹری: نہیں، جو آپ نے سوال کیا ہے، جو اس میں لکھا ہے، ضمنی کوئسچن ہے۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: جناب سپیکر! یہ تو ہمارے سپلیمنٹری کوئسچن کا جواب نہیں ہے، یہ تو ہم نے جو ضمنی سوال کئے ہیں، وہ جواب میں یہ تو آپ کہہ رہے ہیں کہ 66% ہم استعمال کر رہے ہیں، 34% نہیں کہا۔

پارلیمانی سیکرٹری: بالکل۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: سپلیمنٹری کوئسچن یہ ہے کہ کیا آپ لوگوں نے Water charges Claim کئے، کیا کوئی کیس تیار کیا، کیا سی سی آئی کیلئے کبھی آپ لوگوں نے کوئی Presentation کی ابھی تک، کوئی گورنمنٹ کے پلان میں کیا ہے؟

پارلیمانی سیکرٹری: دیکھیں اس کی باقاعدہ ڈیٹیلز کہی ہوں گی، آپ Separate Question اس کیلئے لے آئیں، یہ اس کے ساتھ پوری اس کی ڈیٹیل لینی ہوگی، یہ صرف چھوٹی بات نہیں ہے، آپ کوئسچن لائیں، اس کے ساتھ ہم کر کے اس کی آپ کو Reply کر دیتے ہیں جی۔۔۔۔۔

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: ایک، ایک بندہ بات کرے تو بہتر ہے۔ جی، سلطان صاحب۔

جناب سلطان محمد خان: سپیکر صاحب! ډیره مهربانی۔ Speaker Sahib! There is such a thing in this House, called a supplementary question and a supplementary question can always be asked after the main Question has been asked او سپیکر صاحب! هغې کبنې خو If the honorable Minister has not noted down those supplementary questions, so I will repeat them for him. No. 1: Is the Provincial Government doing anything at all to implement the Water Accord 1991? No. 2: Is the Provincial Government seeking any charges for the water already used by the other Provinces according to the water accord 1991? No. 3: Is the Provincial Government doing anything at all to improve the infrastructure so that this water is used to the fullest extent that is allocated to this Province? یہ تو جناب سپیکر! بہت زیادہ Simple supplementary questions ہیں اور رولز میں یہ موجود ہے کہ Supplementary questions can always be asked، تو یہ جواب دیں یا یہ کہیں کہ چونکہ آج یہ لاء منسٹر نہیں ہیں، ایریگیشن منسٹر بن گئے تو ان کے پاس انفارمیشنز نہیں ہیں مان لیں، تو پھر ہم مان لیتے ہیں سر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی عارف یوسف، پلیز۔

پارلیمانی سیکرٹری: سر، جو اس میں مانگا گیا ہے سوال میں، یہ Calculations ہیں سر، یہ وہ نہیں ہے کہ زبانی کچھ جمع خرچ کیا جائے، یہ Calculations ہیں، اس کے بارے میں مانگ رہے ہیں۔ جو انہوں نے ڈیمانڈ کی ہے، وہ باقاعدہ اس کو کوسچن میں ان کی Reply، مکمل Reply ہے، کوئی بھی اس میں کمی نہیں ہے جس طریقے سے مانگا گیا ہے، اگر یہ کوسچن کرتا ہے تو آپ یہ باقاعدہ وہ کرلیں، کوسچن دوسرا Put کرلیں، اس کے اوپر باقاعدہ ہم ان کو، جو کوسچن کرینگے اس کے مطابق ان کو جواب دے دیتے ہیں جی۔۔۔۔

(شور)

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: جناب سپیکر، کمیٹی کو ریفر کردیں سر، جناب سپیکر! جی بات، ایک بات۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی میڈم، میڈم انیسہ زیب صاحبہ۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: جناب سپیکر! ابھی تو پھر مجھے یہ بھی جسارت نہیں کرنی چاہیے، میں تو ایک اور سپلیمنٹری پوچھنا چاہ رہی تھی، جس میں انہوں نے دوسرے حصے میں جواب لکھا ہے کہ مندرجہ بالا متعین مقدار کے علاوہ سیلابی پانی اور آئندہ بننے والے ڈیموں میں بھی فیصد حصہ مقرر کردیا گیا ہے۔ اب میں یہ پوچھنے کی جسارت نہیں کرسکتی کیونکہ منسٹر صاحب کہیں گے، ہمارے پارلیمانی سیکرٹری صاحب کہ فریش کوسچن کریں کہ اس کے اندر آپ لوگوں نے، اب تک مقرر تو کردیا گیا ہے، کتنا شیئر Avail کیا ہے اور Water charges، تو سر! یہ تو جب آپ بریفنگ لے رہے ہوتے ہیں کسی کوسچن کی، تو یہ کوسچن تو خود آپ کے Mind میں آنا چاہیے کہ اچھا 34% ہم نے نہیں استعمال کیا تو اس کا کیا کرنا ہے؟ اور یہ بہت Simple سی بات ہے نا، کہیں کہ ہم نے ابھی تک کوئی کیس تیار نہیں کیا سی سی آئی میں، We are not prepared تو یہ بھی ایک جواب ہو جائے گا۔

سردار محمد ادریس: جناب سپیکر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی سردار ادریس صاحب، سردار ادریس، پلیز۔

سردار محمد ادریس: شکریہ جناب سپیکر۔ یہ ذرا مائیک آن کردیں، یہ ذرا۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سردار ادریس صاحب۔

سردار محمد ادریس: جناب سپیکر! میرے خیال میں یہ پورے ہاؤس کو معلوم ہے کہ اس گورنمنٹ نے، This question has already been taken up with the CCI اور وہاں پہ 34% ہمارا وواٹر Due ہے، وہ Already فیڈرل گورنمنٹ کے ساتھ، جو بھی پراونس، پنجاب پراونس اور دوسرے،ان کے پاس چونکہ جواب مکمل طور پر نہیں آیا ہے تو اس وجہ سے یہ Proper طریقے سے جواب نہیں دے سکے ہیں اور I will request you کہ ان سے،اس کے محرک سے ریکویسٹ کی جائے کہ فریش کوسچن آجائے گا لیکن ایسا نہیں ہے کہ 34% پہ فیڈرل گورنمنٹ سے یا پنجاب پراونس سے بات نہیں ہوئی ہے، This question has already been taken up and I have already read in the newspaper as well اور چیف منسٹر نے اس کو Take up کیا تھا اور Similarly, similarly جو دوسرے۔۔۔۔۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: بس یہ کمیٹی کو دے دیں۔

سردار محمد ادریس: نہیں، اس میں ضرورت نہیں ہے، میں صرف یہاں پہ یہ عرض کرونگا کہ یہ Already یہ پراونشل گورنمنٹ، یہ چونکہ پراونشل گورنمنٹ کے Rights کا مسئلہ ہے اور یہ Question already فیڈرل گورنمنٹ کے ساتھ اور پنجاب گورنمنٹ کے ساتھ Taken up ہے اور جہاں پہ انفراسٹرکچر ڈیویلپمنٹ کی بات ہے، انفراسٹرکچر ڈیویلپمنٹ کیلئے ان شاء اللہ تعالیٰ That is already under consideration with the government and that has already been taken up over here.

(شوراور قطع کلامیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، مسٹر شاہ فرمان صاحب کو سن لیتے ہیں، شاہ فرمان صاحب، پلیز۔

جناب شاہ فرمان (وزیر اطلاعات): جناب، (شور اور تالیاں) جناب سپیکر! مونږ به چې په ما شومتوب چرته مشر هلک اووهلو نو مونږ به د هغه جواب نه شو کولے نو مونږ به ورته وئیل چې خپلو همځولو له ورشه۔ Experienced Opposition ہے اور یہ کئی دن سے میں نوٹ کر رہا ہوں اور بابک صاحب اس میں بڑے ایکسپرٹ ہیں کہ یہ جو سوال کرتے ہیں، اگر Concernd Minister بھی بیٹھا ہو، اس کے ساتھ جو سپلیمنٹری کوسچن کے بہانے جو نئی چیزیں پوچھی

جاتی ہیں، وہ بالکل اس سوال کا حصہ نہیں ہوتیں اور میں کئی دفعہ اس کے، اور سوچ رہا تھا کہ آپ کے ساتھ بھی جناب سپیکر! اس کے اوپر میٹنگ کریں کہ Relevant information جو اتنی Important ہو، اتنی Important ہو، یہ تو ایسے لگتا ہے کہ بالکل یہ Important Question ہے اور اس کے اوپر ڈیبیٹ کی جائے، آپ بحث کیلئے اس کو منظور کریں اور اس کے اوپر اپوزیشن اور گورنمنٹ تیاری، لیکن ایک سنگل کوئسچن کے ساتھ یہ سارا Link کر کے اس قسم کے سوالات کہ آگے سے 'کنسرنڈ' بندہ جواب ہی نہ دے سکے اور اگر اس کا ایری گیشن بھی موجود ہو، چیف منسٹر بھی موجود ہو اور فنانس منسٹر بھی موجود ہو، اگر ان کی بھی تیاری نہ ہو تو جو سپلیمنٹری کوئسچنز کہ جو آئے ہیں، وہ جواب نہیں دے سکیں گے، تو اگر ہاؤس یہ چاہتا ہے کہ ان کو Complete information ملے تو بالکل اس کو بحث کیلئے منظور کریں، Important ہے، اس میں کوئی دو رائے نہیں ہیں لیکن اس طرح Simple question کر کے اس کے اندر اور ساتھ ساتھ ڈالنا، یہ میں سمجھتا ہوں کہ انصاف نہیں ہے جناب سپیکر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی سکندر شیر پاؤ صاحب، سکندر شیر پاؤ، پلیز۔

جناب سکندر حیات خان: جناب سپیکر، دا کوم کوئسچن چې مونږ تپوس کوؤ، دا هم دې د پاره وی چې مونږ د حکومت هم رهنمائی کول غواړو او مونږ غواړو چې دا د صوبې مسئلې دی چې په هغې کښې مونږ نه هم چې څه Input وی چې مونږ هغه خپل هغه Input پکښې ورکړو خو جناب سپیکر! زه ډیر افسوس سره وایم، شاه فرمان خان خو دې طرف ته سوچ کړے دے چې یره منسټران هغه شان جواب نه شی ورکولې خو دې طرف ته نه ګوری چې منسټرانو تیارے کړے هم وی، نه راځی جناب سپیکر! پکار خو دا ده چې دې هاؤس ته چې راځی نو هغه کوئسچن د Fully prepared وی او د هغې هر Angel چې دے، د هغې کم از کم د هغوی جواب ورکولے شی او که بالکل د هغې سره یو Irrelevant question وی نو هغه بیله خبره ده خو چې د هغې سره Related کوم کوئسچنزدی نو دا خو پارلیمنټری پریکټس پاتې شوے دے چې په هغې باندې به سپلیمنټری کوئسچنز کیږی جناب سپیکر! دوئ د هغه خپله ناکامی چې ده هغه د په دې باندې نه اړوی چې یره اپوزیشن د داسې سوالونه تپوس کوی، (تالیاں) دوئ د خپل ناکامی

اومنی او جناب سپیکر! دا نه صرف د دې قوم پیسې دوئ ضائع کوی لګیا دی جناب سپیکر! بلکه د دې صوبې خلقو سره هم زیاتے کوی لګیا دی۔

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر! جب کوئی معزز رکن اسمبلی کوئسچن کرتا ہے تو ایک مہینے کے بعد تقریباً اس کا جواب Concernd Minister کے پاس آتا ہے اور منسٹر صاحب کو پتہ ہی نہیں ہوتا ہے کہ یہ کوئسچن آیا ہے اور اس کا میں نے کیا جواب دینا ہے؟ اگر منسٹر صاحب تیاری کر کے آئیں تو انہیں بالکل جو ضمنی کوئسچنز ہیں، ان کے حوالے سے بھی معلومات ہوں لیکن وہ تیاری نہیں کرتے ہیں، تو برائے مہربانی یہ کوئسچن کمیٹی کو ریفر کر دیں اور وہ انتہائی اہمیت کا حامل یہ کوئسچن ہے، اس کو کمیٹی کے حوالے کر دیں اور پھر کمیٹی میں یہ ساری چیز کلیئر ہو جائے گی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی نگہت اورکزئی صاحبہ۔

محترمہ نگہت اورکزئی: سپیکر صاحب! جناب سپیکر صاحب، اپوزیشن یہاں پہ جو بھی ایجنڈا یا جو بھی کوئسچن یا تحریک التواء یا قرارداد یں لے کر آتی ہے جناب سپیکر! ان کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ گورنمنٹ کی رہنمائی کر سکے، وہ تنقید برائے تنقید کی بات نہیں کرتی ہے اور اگر ایک کوئسچن پہ اگر کوئی منسٹر یہ کہتا ہے کہ یہ کیبنٹ کی ایک Responsibility ہے کہ کوئی بھی منسٹر جواب دے سکتا ہے تو جناب سپیکر! پھر تمام منسٹروں کو ایک دوسرے کے ڈیپارٹمنٹ میں بیٹھ کے اچھی طرح سبق پڑھ کے آنا چاہیئے کہ ہم نے اس Related Question، یہ کہاں کہاں جا سکتا ہے اور اس میں کیا کیا ضمنی کوئسچنز اٹھ سکتے ہیں، تو اس کیلئے یہ نہیں ہے جناب سپیکر! اب ہمارے کوئسچنز جو ہیں، چھ چھ مہینے ہو گئے ہیں کہ سیکرٹریٹ میں پڑے ہوئے ہیں لیکن اس کے باوجود جب چھ مہینے کے بعد میرا کوئسچن آئے گا اور اس میں یعنی میں نیا کوئی پوائنٹ لکھوں گی یا پوچھوں گی تو منسٹر صاحب یہ کہیں گے جناب سپیکر صاحب! پچھلے ایک سال سے آپ کی چیئر کے توسط سے میں یہ ان لوگوں کو، منسٹرز کو یہ بتانا چاہتی ہوں کہ آپ کی کارکردگی بالکل صفر ہے جناب سپیکر! کیونکہ نہ تو یہ تیاری کر کے آتے ہیں اور یہاں پہ جو اپوزیشن تیاری کر کے آتی ہے، ان کے جوابات تسلی بخش نہیں ہوتے ہیں۔ اگر کمیٹی میں چلا جائے اور آپ لوگوں کے پاس وہ نالج نہیں ہے اور اگر کمیٹی میں یہ کوئسچن جا کے اور وہاں

یہ پورے طریقے سے ایک ممبر کی تسلی ہو جاتی ہے تو جناب سپیکر! اس کو کمیٹی میں، کمیٹیاں بنی ہی اسی لئے ہیں، وہ منی اسمبلیاں ہیں تاکہ اگر اسمبلی میں جو بات نہیں ہو سکتی تو وہ منی اسمبلی میں جا کے، یہ کمیٹی میں بات ہو جائے تو اس میں ان لوگوں کو یہ حرج نہیں ہونی چاہیے کہ اگر کوئسچن کمیٹی کے پاس جاتا ہے۔ تھینک یو، جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم انیسہ زیب صاحبہ۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: شکریہ جناب سپیکر۔ میرا خیال ہے یہ بڑی واضح ہو گئی، مجھے اندازہ ہے عارف یوسف صاحب ہمارے لئے بہت قابل عزت ہیں، قابل احترام ہیں، ان کی میں اس بات کو سراہتی ہوں کہ وہ ہمت کرتے ہیں۔ ہر محکمے میں اصل کنفیوژن یہ نہیں ہے کہ اس کوئسچن پر جواب نہیں آرہا، اصل کوئسچن یہ ہے کہ حکومت میں اس وقت Ministries کا ایک بہت بڑا کنفیوژن ہے، Nobody knows کہ کونسی منسٹری کس کے پاس ہے؟ اگر ایک محکمے کے پاس صحیح وزیر ہو تو I am sure وہ تمام Aspects سے واقف ہوتا ہے۔ شاہ فرمان صاحب سے ہر محکمے کا کام چلاتے ہیں، اللہ بخشے جب اسرار اللہ گنڈاپور صاحب تھے تو وہ As a Law Minister tackle کر لیتے تھے، آج یہ ضروری ہے کہ اس ہاؤس میں ایک Proper Law Minister ہو، اس کے بغیر Law and Parliamentary Affairs وہ نہیں ہیں، یہ منسٹری کتنے عرصے سے خالی ہے، نہیں Fill کر رہے ہیں۔ جو منسٹرز ہیں، دو دو محکمے ہیں، آج میں نے سنا کہ کل ہیلتھ منسٹر یہاں پر آکر انہوں نے کہا کہ میں ہیلتھ منسٹر ہوں اور آج وہ سٹینڈنگ کمیٹی اور انڈسٹریز کی میٹنگ Attend کر رہے تھے As a Minister Industries، حالانکہ ایڈیشنل چارج نہیں دیا گیا، (تالیاں) مطلب ہے یہ کنفیوژن وہاں پر ہے۔ شاہ فرمان صاحب کے پاس تو اللہ تعالیٰ نے قوت گفتار دی ہے، وہ کسی نہ کسی، کبھی مذاق، کبھی لطیفہ سنا کے، کبھی پیشو (بلی) کا ذکر کر کے (تالیاں) کہیں نہ کہیں مزاح میں چینج کر دیتے ہیں لیکن بنیادی طور پر حقیقت یہ ہے کہ یہ کوئی مشکل نہیں ہے، یہ ٹیکنکل کوئسچن نہیں ہے اور بحث کیلئے ہم رول 48 کے تحت نوٹس دے دینگے کہ اسی پر بحث ہو لیکن اس کو میرے خیال میں کمیٹی کے حوالے کریں، بہت اہم ہے اور پھر By that time مجھے یقین ہے ایریگیشن منسٹر بھی طے ہو جائیگا اور یہ وہاں پر باقاعدہ ڈیبیٹ ہو جائیگی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی شاہ فرمان صاحب، شاہ فرمان صاحب۔

جناب شاہ فرمان (وزیر اطلاعات): تھینک یو جناب سپیکر۔ سب سے پہلے تو جناب سپیکر! میری یہ گزارش ہو گی کہ یہ تعین کیا جائے اور سپیکر اس کے اوپر اتھارٹی ہے، رولنگ دے سکتا ہے کہ کیا یہ سپلیمنٹری کوسچن بنتا ہے کہ نہیں؟ اس سے پہلے بھی کئی کوسچن اس قسم کے آئے اور میں نے جیسے کہا کہ بابک صاحب بڑے ایکسپرٹ ہیں، وہ جس طرح ساتھ چیزیں ملاتے ہیں، اس سوال کے اندر دو چیزیں پوچھی گئی ہیں جناب سپیکر، دو چیزیں پوچھی گئی ہیں اور وہ دونوں Statistical details سے ان کا تعلق ہے اور اس کا جواب موجود ہے۔ اب اس کے اوپر جو کمنٹس ہوئے ہیں، اس سوال کی Importance سے کوئی انکار نہیں ہے، میں تو سمجھتا ہوں کہ اس کے اوپر بحث کی جائے ایوان کے اندر، لیکن اس طرح چھوٹی سی Statistical detail پوچھ کے، میں Future business کی بات کر رہا ہوں کہ چھوٹی سی Statistical detail پوچھ کے بعد میں سپلیمنٹری کوسچن کے بہانے جو ڈیٹیلز پوچھی جاتی ہیں، تو ہمیشہ سے یہی ماحول ہو گا جناب سپیکر! آپ اس کے اوپر اپنی رولنگ دیں اور رول آف بزنس کے حساب سے Decide کریں کہ سپلیمنٹری کوسچن یہ بنتا ہے کہ یہ نیا کوسچن بنتا ہے یا یہ اس کوسچن کے اندر سپلیمنٹری کوسچن ہو سکتا ہے؟

جناب ڈپٹی سپیکر: مفتی جانان صاحب، پلیز۔

مفتی سید جانان: سپیکر صاحب! رول 48 تحت زه نوټس لیږم چې دا کوئسچن د تفصیلی بحث د پاره دې ایوان کښې منظور شی، جناب سپیکر۔

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے، ٹھیک ہے، اس کو باقاعدہ بحث کیلئے لے آتے ہیں، اس کوسچن کو۔ جی سردار حسین بابک، پلیز۔

جناب سردار حسین: شکریه سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، په دې کوئسچن باندې خو ډیر زیات بحث هم اوشو او ضمنی کوئسچنې پرې هم راغلې، زما یقین دا دے که مونږ اوګورو نو شاید چې دا دومره بحث هم په کوئسچن نه کیدلے او بیا داسې Irrelevant جوابونه هم شاید چې نه راتلے او دوه خیزونه سپیکر صاحب! مونږ نوټ کوؤ، یو خو دا چې خدائے شته ماته تراوسه پورې دا نه ده پته

چې د ایریګیشن منسټر څوک دے؟ او زما یقین دا دے چې تر اوسه پورې ایریګیشن منسټر شته هم نه، یوه۔ دویمه دا چې پکار دا ده چې کوم کوم منسټر سره کوم کوم بزنس دے چې که هغه تیاری سره راتلې نو شاید چې دومره وخت به نه ضائع کیدو ځکه چې یوه ګهنټه زمونږ' کوئسچنز آور' وی۔ صحیح ده زمونږ د طرف نه خو به ضمنی کوئسچنې راځی خو که د هغې طرف نه یو Concrete او Precise جواب راتلے نو بیا غیر ضروری خبره داسې نه وه او زمونږ خو دا امید وو، مونږ دا توقع کوله چې دا نوے حکومت چې راغلے دے، دا خو په یوه ایجنډا باندې راغلے دے او اوس یوولس میاشتې اوشوې، یوولس میاشتې چې په وزارتونو باندې هغوی نه یوځائې کیږی او بیا د قربان صاحب هم زه توجه غواړم ځکه چې قربان صاحب مونږ ته په سینه باندې لاس ایښے وو چې اپوزیشن د په ما اعتماد اوکړی، نو مونږ خو په قربان صاحب باندې اعتماد کړے دے او دا مسئله لا حل کیږی نه، نو پکار دا ده چې دا مسئله اوس حل شی۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: کوئسچن نمبر1379، محترمہ عظمیٰ خان۔

<u>محترمہ عظمیٰ خان</u>: کوئسچن نمبر1379۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جی۔

* 1379 _ <u>محترمہ عظمیٰ خان</u>: کیاوزیر انتظامیہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) خیبر پختونخواہاؤس اسلام آباد مین اولڈ بلاک S-I اورS-II کے علاوہ دونئے بلاک تعمیر کئے گئے ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو نئے بلاک میں ایم پی ایز اور سول آفیسرز کو بھی کمرے الاٹ کئے جاتے ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ)</u>: (الف) جی ہاں۔

(ب) نئے بلاک پختونخواہاؤس میں کام کرنے والے سٹاف کیلئے تعمیر کئے گئے ہیں جن میں 16 فیملی کوارٹرز اور32 سنگل بیچلر کمرے ہیں جو تمام سٹاف کوالاٹ کئے گئے ہیں۔

<u>Ms. Uzma Khan</u>: Satisfied Sir.

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: تھینک یو۔ کوئسچن نمبر1380، محترمہ عظمیٰ خان۔

محترمہ عظمیٰ خان: شکریہ جناب سپیکر۔ مسٹر سپیکر، میں نے کوئسچن کیا تھا کہ آیا یہ درست ہے کہ مسمی عبد الرشید بینک آف خیبر میں وائس پریذیڈنٹ کی پوسٹ پر خدمات سرانجام دے رہے تھے اور فالج کا حملہ ہونے پر کچھ عرصہ کام سے قاصر رہے ہیں؟ جناب سپیکر، یہ ان کی مجھے ایک بہت بڑی۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سوری، یہ میں نے پہلے بھی عرض کیا کہ فنانس منسٹر آج چھٹی پر ہیں تو یہ اگلے کیلئے ہم ڈیفر کرتے ہیں، اگلے۔۔۔۔

محترمہ عظمیٰ خان: سر، Are you sure کہ اسی سیشن میں دوبارہ آئیگا؟

جناب ڈپٹی سپیکر: ان شاءاللہ، ان شاءاللہ۔

Ms. Uzma Khan: Okay, thanks, Sir.
Mr. Deputy Speaker: Question No. 1404, Mohtarma Uzma Khan.

* 1404 _ محترمہ عظمیٰ خان: کیا وزیر انتظامیہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) 14 ستمبر 2013 کو وزیر اعلیٰ صاحب خیبر پختونخوا ہاؤس اسلام آباد میں مقیم تھے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو وزیر اعلیٰ صاحب کے سکواڈ کو چیف منسٹر بلاک کے علاوہ کتنے اور کون کونسے کمرے الاٹ کئے گئے تھے، نیز ان تمام کمروں کی Payment کی رسیدیں مہیا کی جائیں؟

جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر اطلاعات نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) چونکہ سکواڈ/ڈرائیور ہال S-I(Basement) زیر مرمت ہے جس کی وجہ سے جناب وزیر اعلیٰ صاحب کے سکواڈ کو کمرے دیئے گئے جو نماز پڑھنے کے تھوڑی دیر بعد اسی رات سکواڈ کے واپس جانے پر خالی ہو گئے تھے، لہذا کچھ دیر قیام کرنے پر Payment نہیں لی جاتی، نیز وزیر اعلیٰ بلاک میں سکواڈ کے قیام کیلئے کوئی کمرے نہیں ہیں۔

محترمہ عظمیٰ خان: شکریہ مسٹر سپیکر۔ جناب سپیکر، اس میں میں نے کوئسچن کیا ہے کہ آیا 14 ستمبر 2013 کو وزیر اعلیٰ صاحب خیبر پختونخوا ہاؤس اسلام آباد میں مقیم تھے؟ جناب سپیکر، 'جی ہاں' لکھتے ہیں اور ساتھ یہ لکھتے ہیں کہ وہ تھوڑی دیر کیلئے نماز کیلئے آئے تھے اور چلے گئے۔ جناب سپیکر! میں اس دن فرنٹیئر ہاؤس گئی ہوں، تقریباً رات کے ساڑھے بارہ بجے میں پہنچی ہوں، میرے ساتھ فیملی تھی اور وہاں ساڑھے بارہ بجے تک تو سی ایم صاحب وہیں پر موجود تھے اور مجھے نہیں پتہ کہ سی ایم صاحب ساڑھے بارہ بجے کس ٹائم کی نماز

پڑھنے کیلئے وہاں پہنچے تھے اور کب وہاں سے نکلے ہیں؟ لیکن مجھے یہ بتایا گیا کہ سی ایم صاحب آئے ہیں، رومز سارے بک ہیں، آپ فیملی کیلئے الگ روم نہیں لے سکتیں۔ جناب سپیکر، میں نے ان سے کہا مجھے ایکسٹرا Matrices دے دیں، میں یہاں پر ایڈجسٹ کر لیتی ہوں، نہیں جی Matrices تو سکواڈ کے پاس ہیں، Pillows بھی سکواڈ کے پاس ہیں، Blankets بھی سکواڈ کے پاس ہیں جناب سپیکر! اور یہاں پر یہ بتا رہے ہیں کہ سی ایم صاحب نہیں ہیں۔ میں نے ان سے پوچھا کہ اگر میں Payment کر کے اپنی فیملی کیلئے روم لے رہی ہوں تو پھر سی ایم صاحب بھی سکواڈ کی Payment کرینگے؟ (تالیاں) اور اگر سی ایم صاحب کا اپنا بلاک ہے تو وہ اپنے سکواڈ کو وہاں Accommodate کرینگے، وہ دوسرے بلاک میں نہیں لائینگے ان کو جناب سپیکر! لیکن وہ یہاں Totally انکار کرتے ہیں کہ سی ایم صاحب اس رات کو تھے ہی نہیں، سپیکر صاحب! Totally غلط بیانی کر رہے ہیں، میں اس دن تھی اور یہی سیچویشن تھی، سی ایم صاحب سکواڈ کے ساتھ اسی بلاک میں تھے اور اب سی ایم صاحب اپنے بلاک میں تھے اور ان کا سکواڈ سارا S-1 اور S-2 میں پڑا ہوا تھا اور ہمارے لئے اس میں کوئی جگہ نہیں تھی۔ جناب سپیکر! اس کوئسچن کو کمیٹی کو ریفر کریں، میں نے وہ رسیدیں بھی منگوائیں، ان سے کہا تھا کہ اگر انہوں نے وہاں Stay کیا ہے تو وہ رسیدیں دیں، جس کے تھرو ان کی Payment کی گئی ہو گی، مجھے کہا گیا کہ نہیں جی، سی ایم صاحب جب آتے ہیں تو ایکسٹرا بندوں کی Payment کرتے ہیں تو کوئی ایک رسید Attached ہوتی تو میں یقین کر لیتی کہ سی ایم صاحب Payment کرتے ہیں، کوئی رسید نہیں جناب سپیکر! اس کے ساتھ۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> ٹھیک ہے جی، نگہت اورکزئی صاحبہ۔

<u>محترمہ نگہت اورکزئی:</u> جناب سپیکر صاحب، جو میری بہن عظمیٰ خان نے جو یہ کوئسچن Raise کیا ہے، اس میں میری بھی یہی بات ہے کہ جب یہاں پر سراج الحق صاحب بات کرتے ہیں اور وہ یہ کہتے ہیں کہ تمام وی آئی پیز مراعات ختم کر دی گئی ہیں، جناب سپیکر! جب سے یہ گورنمنٹ بنی ہے، ایک سال ہو گیا ہے کہ سی ایم کے نام پر ہمیں تو یہی کہا جاتا ہے کہ جی S-1 بلاک میں اور S-2 بلاک میں جناب سپیکر صاحب، پچھلی گورنمنٹوں میں ایم پی ایز اور ان کی فیملی کو باقاعدہ طور پر Accommodation دی جاتی تھی، ابھی یہی مسئلہ تمام ایم پی ایز کے ساتھ ہے جناب سپیکر صاحب، میں ایک چھوٹی سی مثال دیتی ہوں، یہاں پر جتنے بھی

ہمارے ایم پی ایز بیٹھے ہوئے ہیں، وہ کسی نہ کسی پارٹی کے ساتھ ان کی Affiliation ہے، تبھی وہ اس ہاؤس میں آتے ہیں، اب اگر کسی کو اچانک کوئی کام پڑ جاتا ہے، اپنی کسی لیڈر شپ سے ملاقات کیلئے یا کوئی Important meeting ہوتی ہے یا کوئی ایمر جنسی کی میٹنگ ہوتی ہے، وہاں پر یہی بتایا جاتا ہے کہ جی 'ایکس' جو سیکرٹریز ہیں، انہوں نے کمرے بک کئے ہوئے ہیں، 'ایکس' اٹارنی جنرلز ہیں، انہوں نے کمرے بک کئے ہوئے ہیں، جو چیف سیکرٹری ہیں، انہوں نے کمرے، جناب سپیکر صاحب! یہ پہلے بھی، ایک دفعہ پہلے جب ایم ایم اے کی گورنمنٹ تھی، یہ کوئسچن ہوا تھا اور اس میں ہم نے یہ بات کی تھی اور ہماری بات مانی گئی تھی کہ دس رومز سپیکر کے صوابدیدی ہونے چاہئیں تاکہ اگر کسی ایم پی اے کو اگر اچانک یا کسی میٹنگ کیلئے جانا پڑتا ہے تو سپیکر کے ساتھ بات کرکے اس کو وہ کمرہ الاٹ کیا جائے۔ جناب سپیکر، ہمارے لئے سکواڈ اور یہ چیزیں جو ہیں، سی ایم صاحب ان کیلئے الگ سی وہ بنالیں یا اپنی انیکسی جو الگ سا پورشن ہے، اس میں ان کو جناب سپیکر، ان کی بات ٹھیک ہے، Pillows ان کے پاس، کمبل ان کے پاس، Matrices ان کے پاس جناب سپیکر صاحب، میں چاہتی ہوں کہ اس میں جتنے کمرے ہیں، ان میں سے کچھ کمرے وہ آپ کی صوابدید پر ہونے چاہئیں، اس اسمبلی کی صوابدید پر ہونے چاہئیں تاکہ وہ ایم پی ایز کو، اسی طرح جناب سپیکر صاحب! ایم پی اے اگر اپنی فیملی کے ساتھ جاتا ہے تو جناب سپیکر صاحب، اگر اس کے ساتھ فیملی ہے اور وہ دوسرا کمرہ On payment مانگتا ہے، تب بھی کہتے ہیں کہ نہیں جی سٹاف ہے اور آپ کو کمرہ نہیں مل سکتا، تو جناب سپیکر صاحب! یہ کیا اس میں ہے؟ میں چاہتی ہوں کہ آپ اس میں مداخلت کرتے ہوئے، آپ سمجھیں کہ اسلام آباد جیسے شہر میں جو ہے، تو یہ ایک ایم پی اے کی توہین ہے کہ ایک سپاہی کو تو کمرہ مل جاتا ہے لیکن ایک ایم پی اے کو کمرہ نہیں ملتا ہے کیونکہ ان کی Affiliation اپنی پارٹی کے ساتھ ہوتی ہے اور انہوں نے جانا ہوتا ہے، تو میں چاہتی ہوں کہ اگر یہ کمیٹی میں چلا جائے، بلکہ اس پر تو استحقاق بنتا ہے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> شکریہ جی۔ جناب سردار حسین بابک صاحب۔

<u>جناب محمود جان:</u> جناب سپیکر۔

<u>جناب سردار حسین:</u> خبره به پرې اوکړم، د هغه خبره به خوړه وی، دے د مخکښې اوکړی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مسٹر محمود جان پلیز۔

